Class: 09	The Hope	URDU

Objective Part Marks: 15 Time: 20 Minutes	Test 07: First Half Book Name: ______________________ Roll Number: ______________	حصّہ معروضی کل نمبر:15 وقت:20منٹ

MCQs RESPONSE PART

1	Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ	4	Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ	7	Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ	10	Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ	13	Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ
2	Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ	5	Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ	8	Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ	11	Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ	14	Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ
3	Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ	6	Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ	9	Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ	12	Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ	15	Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ

سوال نمبر1	ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A،B،C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

نمبر شمار	سوالات	A	B	C	D
1	نبوّت کا_____ سال شروع ہوا اور اکثر صحابہ رضی اللہ عنہم مدینے پہنچ چکے، تو وحی الٰہی کے مطابق: آنحضرت ﷺ نے بھی مدینے کا عزم فرمایا۔	بارھواں	دسواں	تیرھواں	پندرھواں
2	ایک صحبت میں مرزا غالؔب کس کی تعریف کر رہے تھے؟	ذوقؔ کی	مومنؔ کی	بہادر شاہ ظفؔر کی	میر تقی میؔر کی
3	لوگ بہت کم کاہل ہوتے ہیں:	بے فکر رہنے والے	خوش گپیاں کرنے والے	روزانہ محنت کرنے والے	خود میں مگن رہنے والے
4	میؔر اور مرزا کے کلام پر تکرار کرنے والے کس کے مرید تھے؟	خواجہ میر درؔد کے	مرزا غالؔب کے	ابراہیم ذوقؔ کے	خواجہ باسط کے
5	ماں کی گود میں کون سویا ہوا تھا؟	بلّی	سلیم	لڑکی	بیدارا
6	سبق "پنچایت" کے مصنف ہیں:	پریم چند	سید امتیاز علی تاج	مرزا ادیب	سر سید احمد خان
7	اللہ کا گدا مگن رہتا ہے:	سکون میں	سیر میں	کملی میں	دُنیا میں
8	جس نظم میں حضور ﷺ کی تعریف بیان کی گئی ہو وہ کہلاتی ہے:	حمد	نعت	قصیدہ	رباعی
9	تیتر کیا پکارتے ہیں؟	سبحان اللہ	سبحان تیری قدرت	ہر آن تیری قدرت	اللہ ہُو
10	کاش پوچھو کہ_______ کیا ہے	دعا	مدعا	المیہ	دکھ
11	شریف کا متضاد ہے:	بدمعاش	غصیلا	بدقماش	پرہیز گار
12	بچھڑا کی مؤنث ہے:	بچھڑی	بچھڑن	بچھیا	بچھڑیا
13	کتاب کی جمع ہے:	کاتب	کتب	کتابت	کتابات
14	ازواج کا واحد ہے:	زوج	زوائج	زوجین	زوجی
15	ان الفاظ میں سے کون سا مذکر ہے؟	مرہم	دوا	ترازو	پتنگ

Class: 09	The Hope	URDU

Subjective Part Marks: 60 Time: 2:10 Hours	**Test 07: First Half Book** Name: ____________________ Roll Number: ______________	حصہ انشائی کل نمبر:60 وقت:2:10 گھنٹے

(حصّہ اوّل)

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی تشریح کیجیے: 10

(حصہ نظم)
(i) چھپتا نہیں نظروں میں یاں خلعتِ سُلطانی — کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا
(ii) جِسے جس طرف آنکھ ، جلوہ ہے اُس کا — جو یک سُو ہو دل تو وہی چار سُو ہے
(iii) ہیں اس ہوا میں کیا کیا برسات کی بہاریں — سبزوں کی لہلہاہٹ ، باغات کی بہاریں
(iv) پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں — گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

(حصہ غزل)
(v) چشمِ دل کھول اُس بھی عالم پر — یاں کی اوقات خواب کی سی ہے
(vi) رہی سبز بے فکرِ کِشتِ سخن — نہ جوتا کیا مَیں ، نہ بویا کیا
(vii) جان تم پر نثار کرتا ہوں — مَیں نہیں جانتا دُعا کیا ہے

(حصّہ دوئم)

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنّف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھئے: 10

(i) فواکہ میں آم ان کو بہت مرغوب تھا۔ آموں کی فصل میں ان کے دوست دُور دُور سے ان کے لیے عمدہ عمدہ آم بھیجتے تھے اور وہ خود اپنے بعض دوستوں سے تقاضا کر کے آم منگواتے تھے۔ ایک روز مرحوم بہادر شاہ آموں کے موسم میں چند مصاحبوں کے ساتھ جن میں مرزا بھی تھے، باغِ حیات بخش یا مہتاب باغ میں ٹہل رہے تھے۔

(ii) انسان بھی، مثل اور حیوانوں کے ایک حیوان ہے اور جب کہ اُس کے دِلی قویٰ کی تحریک سُست ہو جاتی ہے اور کام میں نہیں لائی جاتی، تو وہ اپنی حیوانی خصلت میں پڑ جاتا ہے اور جسمانی باتوں میں مشغول ہو جاتا ہے اور انسانی صفت کو کھو کر پورا حیوان بن جاتا ہے۔ پس ہر ایک انسان پر لازم ہے کہ اپنے اندرونی قویٰ کو زندہ رکھنے کی کوشش میں رہے اور اُن کو بے کار نہ چھوڑے۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 10

(i) سراقہ بن جعشم کیسے تائب ہوا؟
(ii) مرزا غالبؔ کے مزاج کی خاص خوبی کیا تھی؟
(iii) دلی قویٰ کو بے کار چھوڑ دینے کا کیا مطلب ہے؟
(iv) سید انشاؔ کے اصرار پر جرأت نے کون سا مصرع پڑھا؟
(v) سلیم نے چار لڑکوں کی کیا خوبیاں بیان کیں؟
(vi) الگو چودھری نے سمجھو سیٹھ کو بیل کیوں فروخت کیا؟
(vii) طوطی و بُلبل کس کا ذکر کرتے ہیں؟
(viii) شاعر کی عمر کیسے بسر ہوئی ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے: (i) مرزا غالبؔ کے عادات و خصائل (ii) نصوح اور سلیم کی گفتگو 05

6۔ نظم "برسات کی بہاریں" کا مرکزی خیال یا خلاصہ اور شاعر کا نام لکھئے۔ 05

7۔ والدہ کے نام خط لکھ کر موسم گرما کی تعطیلات کا ذکر کیجیے۔ --یا-- ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام بیماری کی درخواست لکھئے۔ 10

8۔ "عادت کی خرابی" کے عنوان پر کہانی لکھئے۔ --یا-- مریض اور طبیب کے درمیان مکالمہ لکھئے۔ 05

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے: 05

(i) جی نے چاہا تو ضرور آؤں گا۔ (ii) اُس نے کل لاہور جانا ہے۔ (iii) اُس نے مجھ کو گالی دی۔
(iv) دراصل میں وہ آج بیمار ہے۔ (v) میرے سر میں درد ہو رہی ہے۔

--یا--

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے:

(i) آخ تھو______ (ii) پاک رہو______ (iii) جتنی چادر دیکھیے______
(iv) جس کی لاٹھی______ (v) حساب جو جو______